بسم اللہ الرحمن الرحیم

منال فاطمہ نام رکھنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

منال فاطمہ نام رکھنا کیسا؟

جواب

مَنال کا معنی ہے: جاگیر، مال واسباب وغیرہ۔ معنی کے لحاظ سے منال فاطمہ نام رکھنے میں کوئی حرج نہیں۔ البتہ! بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام صرف فاطمہ یا کسی بھی نیک خاتون مثلاامہات المومنین، صحابیات وصالحات رضی اللہ تعالی عنہن میں سے کسی کے نام پر رکھا جائے، کہ حدیثِ پاک میں اچھوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، نیز امید ہے کہ اس سے ان نیک ہستیوں کی برکت بچی کے شاملِ حال ہوگی۔

فیروزاللغات میں ہے "مَنال: جاگیر۔ جائیداد۔ مال واسباب۔ دھن۔ دولت۔"(فیروزاللغات، صفحہ1352، فیروزسنز، لاہور)

الفردوس بماثورالخطاب میں ہے "تسموابخیارکم "ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔ (الفردوس بماثورالخطاب، جلد2، صفحہ 58، حدیث2328، دارالکتب العلمیۃ، بیروت)

صدرالشریعہ، مفتی محمدامجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ وتابعین وبزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔"(بہارشریعت، جلد3، حصہ15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

مفتی احمدیارخان نعیمی علیہ الرحمۃ مراٰۃ المناجیح میں فرماتے ہیں: "بہتر یہ ہے کہ انبیاء کرام یا حضورعلیہ السلام کے صحابہ عظام، اہلبیت اطہار کے ناموں پر نام رکھے جیسے ابراہیم واسمٰعیل، عثمان، علی، حسین وحسن وغیرہ عورتوں کے نام آسیہ، فاطمہ، عائشہ وغیرہ اور جو اپنے بیٹے کا نام محمد رکھے وہ انشاء اللہ بخشا جائے گا۔"(مراٰۃ المناجیح، جلد5، صفحہ30، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔ نیچے دئے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا محمد فراز عطاری مدنی

فتوی نمبر : WAT-5443

تاریخ اجراء : 10 ربیع الآخر 1448ھ/22 ستمبر 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net